# وائس چیئرمین پاکستان تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کی اڈیالہ جیل سے رہائی کے فوراً بعد پھر سے گرفتاری اور نامعلوم مقام پر منتقلی کا معاملہ

## پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی پر تشدد گرفتاری کی شدید مذمت

27دسمبر 2023

- سپریم کورٹ کی جانب سے ضمانت کی منظوری کے بعد شاہ محمود قریشی کی ہتک آمیز گرفتاری عدلیہ اور نظامِ انصاف کے چہرے پر طمانچہ ہے۔
- انتخابات میں واضح اور یقینی شکست کے آثار نے ریاست کے وجود پر پاگل پن سوار کر رکھا ہے۔
- بانی چیئرمین عمران خان اور قوم کے مابین اٹوٹ رشتے کو توڑنے میں ناکام ریاست وحشت اور ظلم کی ہر حد پار کررہی ہے۔
- انتخابات کے شیڈیول کے اعلان کے بعد تحریک انصاف کی قیادت، امیدواران اور کارکنان کیخلاف جبر وفسطائیت میں شدّت پیدا کی گئی ہے۔
- شاہ محمود قریشی انتخاب میں تحریک انصاف کے اہم امیدواروں میں سے ایک ہیں، انہیں حراست میں رکھ کر انتخاب کی دوڑ سے جبراً باہر رکھنے کی شرمناک کوششیں کی جارہی ہیں۔


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan

Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- سائفر جیسے بھونڈے اور جعلی مقدمے کی عملی موت کے بعد الیکشن فرائض کی انجام دہی کے پابند ڈپٹی کمشنر کیجانب سے شاہ محمود قریشی کی نظر بندی کے احکامات اور رہائی کے بعد فوراً گرفتاری لیول پلیئنگ فیلڈ کے حوالے سے سپریم کورٹ کے حکم کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے۔
- غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری، غیر نمائندہ اور زائد المیعاد نگران حکومتوں کی جانب سے تحریک انصاف کے خلاف ظلم و وحشت کی یلغار کا براہِ راست ذمہ دار الیکشن کمیشن ہے۔
- شاہ محمود قریشی کی گرفتاری سے سرکاری افسران کی بطور آر اوز تقرری کے حوالے سے تحریک انصاف کے واضح مؤقف کی درستگی کی شہادت یہ بربریت دے رہی ہے۔
- چیف جسٹس طاقت کے ننگے راج کا نوٹس لیں اور شاہ محمود قریشی کی فی الفور بازیابی و رہائی کے احکامات صادر کریں۔
- ملک کو لاقانونیت کی دلدل میں دھکیلنے والوں کے کڑے محاسبے کیلئے عوام پوری طرح یکسو اور تیار ہیں، 8 فروری کو اپنے ووٹ کی پرچی کے ذریعے اپنے نمائندوں اور جمہوریت کی توہین کا پورا انتقام لیں گے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ